03-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران بتایا کہ ریاستی حکومت گرو ہا جیوتی اسکیم کے تحت 25 لاکھ سے زائد خاندانوں کو مفت بجلی فراہم کر رہی ہے۔

۲۔ وزیر زراعت ناگیشور راو نے بتایا کہ رواں سال موسمِ خریف کے دوران ریاست کے کسانوں کو 40 ہزار کروڑ روپے کے فصل قرضہ جات فراہم کیئے گئے ہیں۔

۳۔ وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے قانون ساز کونسل میں اعلان کیا ہے کہ ریاست میں آنکھوں کے علاج کی خدمات کو مستحکم کرنے ''آئی کیئر کلینکس'' قائم کیئے جائیں گے۔

اور

۴۔ ریاست بھر میں سرد ہواؤں کے ساتھ کہر میں اضافہ ہو رہا ہے۔

RASHTRAPATI NILAYAM

عوامی شمولیت اور ماحولیاتی شعور کو فروغ دینے کی کوششوں کے تحت سکندرآباد میں واقع راشٹر پتی نیلائم آج سے دوسرے ''اودیان اتسو'' کی میزبانی کر رہا ہے۔ یہ میلہ رواں ماہ کی 11 تاریخ تک روزانہ صبح 10 بجے سے رات 8 بجے تک راشٹر پتی نیلائم کے مین لان میں عوام کے لئے بلا معاوضہ کھلا رہے گا۔ خواہش مند افراد اپنی انٹری راشٹر پتی بھون کی ویب سائٹ کے ذریعہ آن لائن بک کر سکتے ہیں یا وزیٹر فیسلیٹیشن سنٹر پر قائم فزیکل کیوسکس سے بھی رجوع ہو سکتے ہیں۔ راشٹر پتی نیلائم کی جانب سے وزارت زراعت و کسان بہبود اور ادارہ مینج کے تعاون سے منعقدہ اودیان اتسو 2026 میں 50 تھیمیٹک اسٹالس لگائے گئے ہیں جن میں تقریباً 120 نمائش کنندگان شرکت کر رہے ہیں۔ یہ میلہ زرعی اختراعات، انٹر پرائز اور ویلیو ایڈیشن کے لئے ایک بہترین پلیٹ فارم فراہم کر رہا ہے۔ نیشنل انسٹی

ٹیوٹ آف ایگریکلچرا یکسٹینشن مینجمنٹ کے ڈاکٹر ساگر ہنومان سنگھ، محکمہ زراعت کے حکام اور راشٹر پتی نیلائم کی مینیجر ڈاکٹر کے رانی پریا نے بتایا کہ یہاں آنے والے اسپیشلا ئزڈ زونس جیسے گرین نالج ہب، ملٹ منڈی، اسٹارٹ اپ ہب، ایکو بازار اور پلانٹ اینڈ پروڈیوس زون کا معائنہ کرسکیں گے۔ حکام نے مزید بتایا کہ اس ایڈیشن کی ایک اہم خاصیت کمیونٹی انگیجمنٹ پروگرام ہے جس کا مقصد عملی سرگرمیوں کے ذریعہ نوجوان نسل میں ماحولیاتی ذمہ داری کا احساس پیدا کرنا ہے۔ اس پروگرام کے تحت مٹی کے برتن بنانا، سبزیوں پر تراش خراش اور سیڈ بال کی تیاری جیسی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہائیڈروپونکس، ایکواپونکس اور قدرتی رنگ نکالنے کے طریقوں کا مظاہرہ بھی کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ انٹرا یکٹو کوئز، مقابلے، ثقافتی پروگرام اور دیگر پرکشش پروگرام بھی توجہ کا مرکز ہوں گے۔

EYE CARE CLINICS

وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے قانون ساز کونسل میں اعلان کیا ہے کہ ریاست میں آنکھوں کے علاج کی خدمات کو مستحکم کرنے ''آئی کیئر کلینکس'' قائم کئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ جس طرح حال ہی میں ضلعی مراکز میں کینسر کے مریضوں کے لئے ڈے کیئر سنٹرس شروع کئے گئے ہیں تا کہ انہیں کیموتھراپی کے لئے حیدرآباد نہ آنا پڑے اسی طرح اب مستقل آئی کیئر کلینکس کے ذریعہ عوام کو آنکھوں کے علاج کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ ان کلینکس کے لئے سروجنی دیوی آئی اسپتال مرکز کے طور پر کام کرے گا اور اس پورے نظام کی نگرانی کے لئے ایک ماہر امراضِ چشم کو نوڈل آفیسر مقرر کیا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ ایک اعلیٰ سطحی تکنیکی کمیٹی اس وقت ریاست میں آنکھوں کے امراض کی صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے اور اس کی سفارشات کی روشنی میں ان مراکز کے کام کرنے کے حتمی ضوابط طے کیے جائیں گے۔

COLD WAVE

ریاست بھر میں سرد ہواؤں کے ساتھ کہر میں اضافہ ہورہا ہے۔ کئی علاقوں میں صبح 9 بجے تک کہر کی صورتحال دیکھی جارہی ہے جس کے باعث گاڑی چلانے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ فضائی ٹریفک میں خلل پڑ رہا ہے۔ کچھ فلائٹ سروس کا رخ موڑ دیا گیا ہے اور کچھ کو منسوخ کر دیا گیا ہے۔ موسمیاتی مرکز نے کہا کہ سردی کی لہر مزید دو دن تک جاری رہے گی، خاص طور پر متحدہ نلگنڈہ اور کھمم اضلاع میں سردی کی لہر برقرار رہے گی۔ رات کے وقت کم سے کم درجہ حرارت میں نمایاں کمی ہورہی ہے۔

RYTU-TUMMALA

تلنگانہ کے وزیر زراعت ناگیشور راو نے بتایا کہ رواں سال موسمِ خریف کے دوران ریاست کے کسانوں کو 40 ہزار کروڑ روپے کے فصل قرضہ جات فراہم کئے گئے ہیں۔ اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران ارکان کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے یقین دلایا کہ آنے والے موسمِ ربیع میں بھی ضرورت کے مطابق قرضوں کی تقسیم کو یقینی بنایا جائے گا۔ وزیر زراعت نے کہا کہ حکومت ریجنل رنگ روڈ کے حدود میں سبزیوں کی کاشت کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔ ریاست کو اس سطح پر لانے کی کوشش کی جارہی ہے جہاں سے سبزیاں دیگر ریاستوں کو برآمد کی جاسکیں۔ اس مقصد کے لئے کسانوں کو خصوصی مراعات دی جارہی ہیں۔ کپاس اور سویا بین جیسی فصلوں کی خریداری کے سلسلہ میں سی سی آئی اور نیفیڈ کی سخت شرائط میں نرمی لانے کے لیے مرکزی حکومت پر مسلسل دباؤ ڈالا جارہا ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ ریاست کے لئیسو یا کی خریداری کی حد 72 ہزار میٹرک ٹن مقرر ہے جبکہ اس بار پیداوار 3 لاکھ میٹرک ٹن سے تجاوز کر گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سخت قوانین اور شرائط کی وجہ سے مرکزی ایجنسیوں نے کچھ اسٹاک واپس کر دیا ہے جسے حل کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔

SOUND BYTE

BHATTI VIKRAMARKA-ELECTRICITY

نائب وزیر اعلیٰ اور وزیر فینانس ملو بھٹی وکرامارکا نے اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران ایک اہم اطلاع فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ ریاستی حکومت گروہا جیوتی اسکیم کے تحت 25 لاکھ سے زائد خاندانوں کو مفت بجلی فراہم کر رہی ہے۔انھوں نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ حکومت کی پالیسی کے مطابق ہر اہل خاندان کو ماہانہ 200 یونٹ تک مفت بجلی دی جا رہی ہے جس کے بلوں کی مکمل ادائیگی حکومت خود کر رہی ہے۔بھٹی وکرامارکا نے ایوان کو مطلع کیا کہ اس فلاحی اقدام کو یقینی بنانے کے لیے اب تک سرکاری خزانہ سے 3,593 کروڑ روپے خرچ کیے جا چکے ہیں۔نائب وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ یہ اقدام عام شہریوں پر مالی بوجھ کم کرنے اور بنیادی خدمات کی آسان رسائی کو یقینی بنانے حکومت کے پختہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔اس بیان کے ذریعہ حکومت نے واضح کیا ہے کہ وہ عوامی فلاح و بہبود کی اپنی ضمانتوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے پوری طرح سنجیدہ ہے۔

SOUND BYTE

SAVITRI PHULE-NAGAR KURNOOL

ناگرکرنول ضلع کلکٹر بی سنتوش نے کہا ہے کہ خواتین کی تعلیمی ترقی کے لئیا نتھک جدوجہد کرنے والی ساوتری بائی پھولے کی زندگی موجودہ نسل کے لئے ایک عظیم ترغیب اور مشعلِ راہ ہونی چاہیے۔محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام ناگرکرنول میں منعقدہ ایک تقریب میں ساوتری بائی پھولے کا یومِ پیدائش منایا گیا۔اس موقع پر کلکٹر نے ساوتری بائی پھولے کی تصویر پر گلہائے عقیدت پیش کئے اور خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ساوتری بائی پھولے نے اس دور میں خواتین کی تعلیم کے لئیکام کیا جب حالات انتہائی نامساعد تھے۔ان کی قربانیوں کی بدولت ہی آج خواتین تعلیم کے میدان میں آگے بڑھ رہی ہیں۔

SOUND BYTE

VB G RAM G

مرکزی حکومت کی جانب سے شروع کی گئی وی بی اور ام جی اسکیم کے سلسلہ میں غریب طبقات میں مثبت تاثر پایا جارہا ہے اور اسے نچلے طبقہ کے لئے ایک بڑی نعمت قرار دیا جارہا ہے۔ ناگر کرنول ضلع سے تعلق رکھنے والے پرمودکمار نے آکاش وانی سے بات کرتے ہوئے اس اسکیم پر اپنی رائے کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کی قیادت میں حکومت جو اصلاحات لائی ہے، وہ دیہی علاقوں میں معاشی استحکام پیدا کرنے میں کلیدی کردار ادا کریں گی۔ اس اسکیم کے ذریعہ دیہی معیشت کو سہارا ملے گا اور غریب خاندانوں کی مالی حالت میں بہتری آئے گی۔

BHONGIR VOTER LIST

یادادری بھونگیر کے ضلع کلکٹر ہنمنت راؤ نے متعلقہ حکام کو سخت ہدایت دی ہے کہ ضلع کی بلدیات کے ووٹرس کی تیار کردہ مسودہ فہرست کی ایک بار پھر جامع اور باریک بینی سے جانچ کی جائے تا کہ کسی بھی قسم کی غلطی کی گنجائش نہ رہے۔ آج منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کے دوران کلکٹر نے واضح کیا کہ ووٹرس کی حتمی فہرست ہر حال میں 10 جنوری تک جاری کردی جانی چاہیے۔ انہوں نے پولیس حکام کو بھی تاکید کی کہ وہ انتخابی شیڈول کے اعلان سے لے کر انتخابی عمل کی مکمل واپسی تک امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لیے انتہائی چوکس اور مستعد رہیں۔ اس کے علاوہ، کلکٹر نے حکام سے کہا کہ وہ تمام سیاسی جماعتوں کے نمائندوں اور عوام کو اس بات سے دوٹوک طور پر آگاہ کردیں کہ موجودہ ووٹر لسٹ میں اب کسی بھی قسم کی ترمیم، اضافہ یا تبدیلی کی قطعی کوئی گنجائش نہیں ہے، اسی لئے تمام عہدیدار انتخابی عمل کو مکمل شفاف بنانے مقررہ قواعد وضوابط پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

TJS

تلنگانہ جنا سمیتی کے جنرل سکریٹری جی شنکر راؤ نے مطالبہ کیا ہے کہ آندھرا پردیش میں ضم کی گئی پانچ قبائلی گرام پنچایتوں کو دوبارہ ریاست تلنگانہ میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ کنّائی گوڈیم، پچکولا پاڈو، گنڈالہ، پرشوتم پٹنم اور ایٹپا کا گاؤں کے افراد کو کسی بھی چھوٹے کام کے لیے دو ریاستوں کی سرحدیں عبور کرنی پڑ رہی ہیں، جس سے انہیں شدید دشواریوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے دونوں تیلگو ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ سے اس معاملے میں مناسب کارروائی کرنے کی اپیل کی ہے۔

INTER HALL TICKETS

انٹرمیڈیٹ کے طلبہ کے لئے ہال ٹکٹ نمبر، امتحانی مراکز کی تفصیلات اس ماہ کی 20 تاریخ سے ان کے والدین کے واٹس اپ کو بھیجا جائے گا۔ انٹرمیڈیٹ بورڈ کے سکریٹری کرشنا آدیتیہ نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ ہال ٹکٹس کے بارے میں کسی بھی قسم کے مسئلہ پر متعلقہ کالجس کے پرنسپلس کو توجہ دلائی جائے۔ آئندہ ماہ کی 25 تاریخ سے انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کا آغاز ہوگا۔

SAVITRI BAI PHULE JAYANTI

سماجی جہدکار، پہلی خاتون ٹیچر ساوتری بائی پھولے کی 195 ویں جینتی کی تقریب آج ریاست بھر میں بڑے پیمانہ پر منائی گئیں۔ ان کے مجسمہ پر گلہائے عقیدت پیش کئے گئے۔

جنگاؤں

جنگاؤں ضلع بار ایسوسی ایشن کے صدر ڈی ہری پرساد یادو نے کہا کہ ساوتری بائی پھولے کی زندگی مشعلِ راہ ہے جنہوں نے حروف کو ہتھیار بنا کر خواتین کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔ انہوں نے بار ایسوسی ایشن ہال میں ساوتری بائی پھولے کی تصویر پر پھول مالا چڑھائی اور انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔

سنگا ریڈی

سنگا ریڈی کی ضلع کلکٹر پراوینیا نے کہا کہ ساوتری بائی پھولے ملک کی پہلی خاتون ٹیچر تھیں جنہوں نے خواتین کے لئےپہلا اسکول قائم کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج کی خواتین اساتذہ کوانہیں اپنا مثالی نمونہ بنانا چاہیے۔ سنگا ریڈی میں منعقدہ پھولے جینتی کی تقریب میں کلکٹر نے ان کی تصویر پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔ اس موقع پر ٹی جی آئی آئی سیکی چیئر پرسن نرملا جے پرکاش ریڈی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جس دور میں توہم پرستی اور سماجی برائیاں عروج پر تھیں، اس وقت ساوتری بائی نے بے شمار مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے خواتین کو تعلیم یافتہ بنایا۔

محبوب آباد

محبوب آباد کے ضلعی عہدیدار راجیشور نے کہا کہ ساوتری بائی پھولے خواتین کی خودداری کی علامت ہیں اور آج کی خواتین کو ان سے ترغیب حاصل کرنی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ اپنی قربانیوں اور شخصیت کی تعمیر کے ذریعہ ایک بڑی طاقت بن کر ابھریں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ان کی خدمات کو سراہا۔

VB JAI RAM JI SCHEME

نلگنڈہ منڈل کے پنا گالو سے تعلق رکھنے والے سری کانت  نے کہا کہ روزگار ضمانت اسکیم  میں لائی گئی تبدیلیاں کسانوں اور زرعی مزدوروں کے لئیا نتہائی فائدہ مند ہیں۔ وکست بھارت کے ویژن کے تحت لائی گئی اس اسکیم کے بارے میں آکاش وانی سے بات کرتے ہوئے انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

KONDAGATTU

آندھرا پردیش کے نائب وزیر اعلیٰ پون کلیان نے ترو ملا ترو پتی دیوا ستھانم کے چیئر مین بی آر نائیڈو کے ہمراہ تلنگانہ کے ضلع جگتیال کی مشہور کونڈا گٹو انجنیا سوامی مندر کا دورہ کیا اور وہاں جاری ترقیاتی کاموں کا

سنگ بنیاد رکھا۔ مندر پہنچنے پر ریاستی وزیر اے لکشمن کمار اور مندر انتظامیہ نے ان کا روایتی استقبال کیا۔ خصوصی پوجا میں شرکت کے بعد پون کلیان نے ٹی ٹی ڈی کے 35.19 کروڑ روپے کے خصوصی فنڈ سے تعمیر ہونے والے 96 کمروں کے کامپلکس اور دیکشا منڈپم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کونڈا گٹو ایک انتہائی مقدس مقام ہے اور یہاں آنے والوں کے لئے بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

SURRENDER

آج حیدرآباد میں ممنوعہ سی پی آئی (ماؤسٹ) پارٹی اور 'پیپلز لبریشن گوریلا آرمڈ' (پی ایل جی اے) بٹالین کے کمانڈر بڈیسی سکما عرف دیوا سمیت 19 دیگر ماؤنوازوں نے تلنگانہ کے ڈی جی پی شیودھر ریڈی کے سامنے خودسپردگی اختیار کی۔ اس موقع پر پولیس نے بھاری مقدار میں جدید اسلحہ، 2,206 کارتوس اور 20.30 لاکھ روپے نقد برآمد کئے۔ اس موقع پر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے ڈی جی پی نے کہا کہ ان ہتھیار ڈالنے والے ماؤنوازوں کے بعد ماؤسٹ پی ایل جی اے اب مکمل طور پر کمزور اور بے اثر ہوگئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس بڑی خودسپردگی کے بعد اب ریاست میں ممنوعہ پارٹی کے صرف 17 ارکان باقی رہ گئے ہیں جن میں سے زیادہ تر کا تعلق ریاست چھتیس گڑھ سے ہے۔ ڈی جی پی نے مزید تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ قبضہ میں لئے گئے اسلحہ میں اسرائیل کے جدید ترین ہتھیار اور امریکہ کی کولٹ رائفلز کے بشمول جملہ 48 بندوقیں، 93 میگزین اور 2 ہزار سے زائد کارتوس شامل ہیں۔ ہتھیار ڈالنے والوں میں تلنگانہ اسٹیٹ کمیٹی کے رکن کے راجی ریڈی عرف وینکٹیش ان کی شریک حیات اور دیگر ساتھی بھی شامل ہیں۔ ڈی جی پی نے اعلان کیا کہ ان کی بازآبادکاری پیکیج کے تحت جلد ہی ایک کروڑ 81 لاکھ 90 ہزار روپے کی انعامی رقم فراہم کی جائے گی۔ فوری امداد کے طور پر ڈی جی پی نے ہر ایک کو 25 ہزار روپے نقد تقسیم کئے۔ اس موقع پر راجی ریڈی نے بات کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں مسلح جدوجہد کو جاری رکھنا مشکل نظر آ رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صحت کی وجوہات اور بہتر روزگار کی امید میں انہوں نے ہتھیار ڈالنے کا فیصلہ کیا ہے۔

YEAR ENDER - FINANCE

سال 2025 ہندوستان کے ترقی کے سفر میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ وہ سال تھا جس میں پالیسیاں حقیقت میں بدلیں اور ارادے اثر دکھانے لگے۔ آج کی اس خصوصی سیریز 'اصلاحات کا سال' میں ہم آپ کے لئے لائے ہیں 2025 کے دوران ہندوستان کے مالیاتی شعبہ میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ۔

(V/C-AKSHIT-ENG/HIN-GNR MAIL)

سال 2025 میں ہندوستان نے برابری، اختراع ٹکنالوجی اور عالمی اثر و رسوخ کے میدان میں زبردست عالمی شناخت حاصل کی۔ ورلڈ بینک نے ہندوستان کو دنیا کے سب سے زیادہ مساوی معاشروں میں شمار کیا، جہاں 'گنی انڈیکس' 25.5 درج کیا گیا جو کہ چین، امریکہ اور تمام G7 اور G20 ممالک سے بہتر پوزیشن ہے۔ عالمی ادارہ محنت کی رپورٹ کے مطابق ہندوستان میں سماجی تحفظ کی کوریج 2015 کے 19 فیصد سے تیزی سے بڑھ کر 2025 میں 64.3 فیصد تک پہنچ گئی۔ ہندوستان کے ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر نے بھی عالمی سطح پر ستائش حاصل کی۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ نے یو پی آئی کو دنیا کے سب سے بڑے رئیل ٹائم پیمنٹ سسٹم کے طور پر تسلیم کیا جو کہ عالمی لین دین کا 49 فیصد حصہ سنبھال رہا ہے۔ ڈبلیو آئی پی او نے غیر محسوس اثاثوں میں ہندوستان کی سرمایہ کاری کو نمایاں کیا جو علم پر مبنی معیشت کی طرف منتقلی کی عکاسی کرتا ہے۔ غربت میں کمی ایک بڑی کامیابی رہی جہاں گزشتہ ایک دہائی میں 17.1 کروڑ سے زائد افراد انتہائی غربت سے باہر نکلے۔ ہندوستان کی ثقافتی اور اختراعی ساکھ میں بھی اضافہ ہوا جسے یونیسکو نے تسلیم کیا اور ہندوستان 'گلوبل انوویشن انڈیکس' میں 38 ویں نمبر پر آ گیا۔

OO